التماس

اس مطبع میں ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کیلیے موجود ہے اور فہرست اسکی ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ مذکور سے مفت ملتی ہے جسکی معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہیں قیمت بھی ارزان ہے اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ سادہ میں کتب متعلقہ مذہب ہنود درج کرتی ہین تا کہ جس فن کی یہ کتاب ہے اس فن کی یہ کتاب ہے اس فن کی اور بھی کتب موجود کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو۔

کتب متعلقہ ہنود اردو بھاشا

دیوی بھاگوت کا پورا ترجمہ مسمی بہ بھگوتی اتہاس
ترجمہ پنڈت پیارے لال مترجم اودھ اخبار
سکھ ساگر- ترجمہ بارہون اسکند سری مت بھاگوت
از رای مکھن لال
بھاگوت منظوم - از منشی جگناتھ خوشتر
گنیش پران منظوم - از منشی شنکر دیال فرحت
شیو پران منظوم خرد از منشی شنکر دیال فرحت
سورج پران منظوم - از لالہ خدا بخش
گیا مہاتم - مترجمہ منشی لال جی
اکادشی مہاتم - از لالہ رام پرشاد
خلاصہ ترجمہ بھاگوت پران - از منشی سکھ لال
گلدستہ حقیقت نظم - ترجمہ سری مت بھاگوت کا
تمام کتاب ایک قافیہ پر نادر الوجود کتاب ہے از منشی سکھ
تخلص بہ احقر لکھنوی -
ترجمہ پوتھی جانکا بھرن ترجمہ لالہ جگوپال عرضی نویس
گیتا مہاتم و گنیش - از منشی رام سہاے تمنا -
مہابھارت منظوم - از منشی چھوٹا رام شایان
رامائن تلسی کرت - اردو بھاشا -
رامائن بالمیکی اردو بھاشا سات کانڈ مترجمہ منشی شیو دیال مختار

گورلواہ منظوم - از منشی رام سہای تمنا تمنا لکھنوی
بجرنگ ساٹھکا تصنیف ایضا
رامائن افق با تصویر دوارکا پرشاد -
متھلا مہاتم - اردو ناگری مترجمہ راج کمار دیونندن سنگھ
بھت اپدیش - از منشی لالجی واصلباقی نویس بارہ بنکی
رامائن فرحت - منظوم از منشی شنکر دیال فرحت
جانکی بجے منظوم - از منشی شنکر دیال فرحت
سیتا سوئمبر منظوم از بابو گورنرائن
برج بلاس - سری کرشن جی کی لیلا ہے
پریم ساگر نثر ترجمہ دہم سکندھ بھاگوت کا مترجمہ لالہ سوادیال
ایضا منظوم - از منشی شنکر دیال فرحت
کتھا ست نارائن مسمی بہ دافع عذاب از منشی جوالا شنکر
کتھا ست نارائن منظوم - از جگناتھ سہاے
ایضا مصنفہ جگناتھ سہاے
ایضا مولفہ بجناور سنگھ

کتھا چرتر گیت

اننت کتھا - از منشی رام سہل تخلص مبارک
پرہلاد چرتر منظوم - مترجمہ لالہ گردھاری لعل کھتری
سدامان چرتر از منشی جگناتھ خوشتر
سدامان چرتر - خرد مسمی بہ منظوم مفرح -

کتاب
مہابھارت منظوم
باتصاویر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نیا اُس قلم گلفشانی پہ سب ‏— بہار رضا میں ہوا فی ہے سب

دکھائے ورق تختۂ گل کا رنگ ‏— ہر یک قلم بانگ بلبل کا رنگ

کہ لکھے اللہ کی صورت ذات ‏— سنو جس سے سر غنچہ کی بات

سکھائے سخن کے کھلیں بال و پر ‏— لکھوں وصف فرمانده بحر و بر

نگارندۂ نقش لوح و قلم ‏— خداوند ملک حدوث و قدم

علیم و خبیر و سمیع و بصیر ‏— کریم و رحیم و غفور و قدیر

وہ رتبہ دیا قطرۂ آب کو ‏— تجلی سے ہے داغ مہتاب کو

دکھائی خداوند قدرت کی شان ‏— کہ مٹی کے پتلے کو بخشی ہے جان

جہان میں وہ پیدا کیے گلعذار ‏— فرشتے پری حور جن پر نثار

لب و چشم و رخسار و بینی و گوش ‏— [illegible] جان و عقل و ہوش

کف دست ساعد شکم سینہ سر ‏— و ران و بازو ناخن پستان کمر

بنایا سراپا میں ہر عضو خوب ‏— نہیں اس کی صنعت میں دخل عیوب

عنایت کیے دیدۂ دوربین ‏— کہ آئینہ ہو حال ہر یک زمین

جو ہی خاک سے چرخ تک جلوہ گر ‏— وہ سب ان آنکھوں کے پیش نظر

سب کھیں قدرت کے اس سے عیان ‏— کہا جو نہیں کچھ ہوا اسکا بیان

نہیں کچھ سماعت پہ ادراک و مدار ‏— جو آنکھوں سے دیکھا وہ ہی آشکار

عیان تھے جو شکل صنعت گری ‏— نہ کیوں ان اعضا سے ہو برتری

جو صنعت ہے جو علم ہے جو ہنر ‏— ہوئے چشم و انگشت سے جلوہ گر

عنایت کیا فضل سے وہ کمال ‏— نمایاں ہے حق کی قدرت ذوالجلال

عطا کی وہ مٹی کو عقل و تمیز ‏— ہوئی شکل یوسف جو ہر دل عزیز

دیا جنبش قدرت سے ذرون کو نور ‏— زمین پہ چمکتے ہیں تا شہر و ہور

ضیا بخش رخسار خورشید و ماہ ‏— جلا ساز رنگ سفید و سیاہ

مشیت کو اسباب ہونا پسند ‏— ہوئی بے ستون سقف گردون بلند

کیے برج گردون پہ آراستہ ‏— نئی صورتوں سے ہیں پیراستہ

کوئی موج آبی بصد دلکشی ‏— کوئی خاکی و بادی و آتشی

عطارد زحل راس بہرہ ذنب ‏— یہ جلاد گردون پہ جیب شب

مہینا تھا ذیقعدہ کا نا تمام — کہ تاریخ تھی آٹھوین وقت شام
الفصل کا سال ہجری مین رنج — ہزار و دو صد اور ہفتاد و پنج
سب اسباب عشرت کے موجود تھے — غم و رنج و اندوہ نابود تھے
زمانے مین تھے جنکے یہ نور عین — میان انھین عیش و آرام و چین
یہان آصف الدولہ عالیجناب — شجاعت کا چمکا ہوا آفتاب
یہ نواب اُنپر سر افراز تھے — وہ سرکار عالی مین ممتاز تھے
ہوئے دستکش اور رضا سے چلے — ملین تین ہٹکے کرتے ہوئے
سعادت علیخان عدالت شعار — ہوئے مسند آرا بعز و وقار
یہی لکھنؤ جو آباد تھا — دل ہر طفل و جوان شاد تھا
شجاعت مین تھے نادر روزگار — ملازم ہزارون پیادے سوار
جو نواب لائے بنارس سے فیل — روانی مین غیرت دہ رود نیل
رقم کیا کرون خلعتون کا حساب — بدل را سے خوش وہ عالیجناب
مین اس بحر کا در شہوار ہون — ملے آبرو جو سزاوار ہون
کیا کشور نظم مین انتظام — رہے جب سے رنگین خاص و عام
فن شاعری مین بھی ہون نامور — نہ کیون نظم پر ہون تصدق گہر
پسند زباندان ہے اپنی زبان — سند جانتے ہین اسے نکتہ دان
رقم دو مین احوال ہین طبعزاد — عیان حسن و عشق کے اتحاد
چہارم ہے اک داستان ہی کلام — فدا جسپہ ہون سنکے سب خاص و عام
شب و روز کا جاری تھا وہ فیض عام — کہ آگاہ جس سے ہے عالم تمام
بنائے ہین عالی بہت سے مکان — بلندی مین ہمسر ہین آسمان
پرستش کو آتے ہین سب خاص عام — نہ کیون نامور ہون وہ عالی مقام
کچھ اوصاف استاد تحریر ہون — ورق نظم سے رشک تصویر ہون
تخلص ہے مشہور عالم اسیر — نہین آپکا ہندوستان مین نظیر

بلا خیر وہ پنجشنبے کا دن — پہ پیشگی [illegible] آب و دان پہ قرار
یہ سایہ تھا جو رشک ظل ہما — رہا ہو انا طبقہ آسمانی جہان کا بلند
پتا جد اعلے کا لکھے قلم — کہ [illegible] نے بھی با عزت کہا
کرون اطلاع انکے بھی نام سے — کہ ہر اک رہ خدمت ہے پر آفتاب
رعیت نواز اور تھے دادگر — تر جا نظر آئی آخر استقامت بہم مزد
نگین منقش عنایت کیے — خطاب انکو رائی کا اعلی دیا
ہوئے جبکہ نواب جنت نشین — ہوا لکھنؤ جسم سے اندر نگین
رعیت کو حاصل زمانے مین چین — تھا کاوش ظلم سے شور و شین
صفت کے جو مد نظر ہون بیان — نہ کیون لعل ہو مختصر داستان
یہی رائے بخشی نے فوج کے — ستارے چمکتے رہے اوج کے
عنایت کیا پھر دیا یہ وقار — ہوئے فیل پر انکے آگے سوار
جو باتین ہوئین اُس وقت کی بیان — تو منظوم ہوا اک نئی داستان
خدا نے کیا علم سے بہرہ ور — بنا فیض سے اُسکے صاحب ہنر
قلم نے کیے روز مرے رقم — کہ مداح ہین جنکے اہل قلم
کیے ہین نئے طبع موزون نے کام — کہ جیسے شیرین ہے اپنا کلام
قلم نے کیے چار قصے رقم — کہ وہ نظم عالی کا سمجھتے ہین نام
ستی کا ہے اک مثنوی مین بیان — اسی لکھنؤ کی ہے وہ داستان
نجوم اور علمون سے بھی ہون خبر — مگر دمبدم ہے خدا پر نظر
کیے ہین بنا مسجد و باغ و چاہ — زبانون عالم کی ہے واہ واہ
جو ہندو رہے سند وہ جی کا میان — بنایا اسے پیارے نے یگان
جو ہے مورت اسمین دلارام ہے — سری راج راج اشری نام ہے
ہے منشی مظفر علی انکا نام — دیار سخن مین وان حکم عام
سخن کی ہے اقلیم زیر نگین — نہ کس طرح قبضے مین ہو سرزمین

سنا شاہ نے بھی یہ شیرین کلام
سلیقہ سخن کیون نہو خاص و عام

مجھے بیٹھے بیٹھے یہ آیا خیال
کہ لکھے کہین دل سے نقش ملال

عیان ہو جہان کے نشیب و فراز
نمایان ہو سارے مشیت کے راز

تجسس تھا اسبات کا رات دن
پریشان تھی خاطر مطمئن

تصدق گلستان کی اسپر بہار
نمایان ہو سب شان پروردگار

ہر اک بات ہو اسکی رشک چمن
کھلے جو ہو خوشبو سی غنچہ دہن

جو پوتھی مین تھا ہی رقم حرف حرف
بیان شرین ہو وہ حال شگرف

تماشا ہو اس ہندستان کا حال
کہ درکار ہو اسکو فرصت کمال

فقط جا بجا دل مین ہر شے غریب
مہابھارت اک ہو کتاب عجیب

ہزارون ہوئے ناظم با ہنر
سنے یون نہی سفتہ پر یہ گہر

یہ قصہ جو ہے نثر منظوم ہو
کہ زور طبیعت بھی معلوم ہو

کہ مشغول ہو [illegible] صبح و شام
کہ مطبوع عالم ہوا اپنا کلام

غرض دل ہی کچھ پانو نہین ملول
نہایت تعطل نے کھینچا ہو طول

وہ احوال ہونا دربدر روزگار
کہ پڑھنے سے ٹھہرے دل بیقرار

کوئی بات مطلب سے خالی نہو
کوئی مدعا لا ابالی نہو

تصور مین تھا ایک دن ناگمان
جدھشٹر کی یاد آگئی داستان

کرے خاطرم اسکی گلگشت دور
خزان تفکر نہ آئے حضور

کیا ترجمہ خوب فیضی نے صاف
کوئی حال لکھا نہین برخلاف

وہ ہشتارہ دفتر ہے انبار ہے
مضمون مین سیر اسکی دشوار ہے

ہزارون مین ہوگا کوئی نیکنام
پڑھا ہوگا جسنے یہ قصہ تمام

سوا اسکے قیمت کمیاب ہے
ستارون مین مانند مہتاب ہے

میرے قلزم دل مین اٹھی ترنگ
کہ ہو اب صفت آرائے نظم جنگ

لٹاؤن وہ مین گوہر آبدار
کہ ہو نقد جان سے ہر اک خواستگار

قلم ہو روان جانب داستان
کہ مشتاق ہین اسکے اہل جہان

خیابان اول یعنی آدپرب متضمن احوال کوروان و پانڈوان کہ بست ہزار و ہشتصد و چہار اشلوک است مشتمل بر چند چمن چمن اول در ظہور کتاب مہابھارت منظوم

ہمہ راویون کی زبان پر کلام
سنین لیجے اب اسکو سب خاص و عام

وہان ایک [illegible] تھا عالی مقام
کیا جگ کا اس جگہ پر اہتمام

نیمکھ شہر ہان آئے سوت انکا نام
پدر لومہرکن انکا عالی مقام

غرض سوت نے یون کہی تر زبان
کہان تو اقرا تھے ای مہربان

سنا سوت نے زاہدون کا سخن
کہے گلفشان ہو کے غنچہ دہن

پسر پانڈ کا ارجن نیک نام
ہوا اس سے پھر ابھمن خوش کلام

[illegible] تھا اس جگ کا
بہت جمع تھے زاہد و پادشا

مہابھارت [illegible] زبان سے بیان
[illegible] فارسی سے [illegible] داستان

بیاس [illegible]
جوانی پہ ضعف [illegible] کمال

اودھ کی [illegible] مین [illegible]
تمہارا ہی یہ باغ ارم کی بہار

جو بارہ برس کی وہ تعداد تھی
مرتب عجب بزم زہاد تھی

ہوئی زاہدونکو نہایت خوشی
سر بزم تعظیم و تکریم کی

ہوا دور اب جو مرا انتظار
سبب یہ آنے کا ہو آشکار

ہوئی جگ مین تجکو اتنی درنگ
نہ رہا جلد انکا ہر گز نہ ڈھنگ

پریچھت [illegible] سے پیدا ہوا
تو جنمیجے [illegible] ہو پیدا ہوا

ہوا اس [illegible] کہ تجھے بیاس
وہان انسے راجہ کی التماس

[illegible] تکلیف فرمائی ای جناب
تو ہم فیض سے انکی ہون بہرہ یاب

جو بیشم تھا شاگرد انکا وہان
کیا اسنے اس داستان کو بیان

نہایت تھی انکی دلمین امنگ / مگر اس سبب سے ہو وقت تنگ
کھیشٹر تھے اک اور عالی مقام / کرشنہ سو انکا وہان نیک نام
مقام انکے رہنے کا وہ نیمکھار / عبادت پہ ہر وقت انکا مدار
کہا ان سے وہ مضمون ہے آبدار / تصدق ہین جس پر گہر شاہوار
وہان اور عابد بھی تھے جلوہ گر / وہ بولے کہ ای سوت عالی گہر
زبان مبارک سے ارشاد ہو / سنین ہم وہ اعجاز دلشاد ہو
سناتے ہین سوت انکو دیاستان / کہ مشتاق تھے سامعین سب وہان

چمن دوم در شمار اشلوک و فائدہ شنیدن کتاب مہا

بیاس انکو کار سے ہے کلام / مصنف ہین اسکے عالی مقام
کل اشلوک فرمائے ہین صد لک / کہ آدین سے سی لک ہین پشپ پلک
رقم پانزدہ لک کی مشہور ہے / فقط تیر لوک اس سے پرنور ہے
سنے چار دہ لک نظر سے نہان / وہ ہین قوم گندھرپ مین بیگمان
ہے لاکھ انسان کے پیش نظر / کتابون مین اسباب کی ہے خبر
سنو اسکے سننے مین مطلب ہین چار / قلم لکھے ان فائدون کا شمار
کھلے پہلے انسان کا باب عقل / ملیا ہو سب طرح اسباب عقل
ترقی پہ ہو دوسرے جاہ و مال / نظر آئے ہرگز نہ شکل ملال
سوم آرزو دن سے ہو کامیاب / دکھائے ترقی کی دن آفتاب
چہارم ہے سب سے وہ ور تر حرص و آز / عبادت سے خالق کے ہو دلکو ساز

چمن سوم در بیان سیدن اسباب جگ ماران

پریکھیت نے اک روز بہر شکار / اٹھایا ہرن کی طرف راہوار
ہرن چوکڑی بھر کے پنہان ہوا / پریکھیت نہایت پریشان ہوا
سمیک ایک عابد تھا بیٹھا وہان / ہرن کا پریکھیت نے پوچھا نشان
وہ عابد تھا بحر عبادت مین غرق / نہ بولا کہ ہوگا ریاضت مین فرق
پریکھیت کو فرط غضب سے وہان / نہ باقی رہا دلمین کچھ خوف جان
کہ اک سانپ بیجان آیا نظر / نہ تھی پر اسے عافیت کی خبر
جو لوک کمان سے اٹھایا اسے / قریب اس رکھیشر کے لایا اسے
حمائل کیا اسکی گردن مین آہ / لیا اپنی گردن پہ بار گناہ
رکھیشر کا فرزند عالی مقام / کہ کہتے تھے سینگی رکھا اسکو تمام
جو آنکھون سے دیکھا یہ احوال زار / گلو پر پڑا مین ہے افعی کا ہار
طبیعت نہایت ہوئی خشمناک / دعا اسنے کی ای خداوند پاک
ہوا جب سے سرزد یہ کار زبون / نہ کوئی چلے اسکا مکر و فسون
جو تھپک تھا سانپ سے زہردار / ابھی سات دن مین ہو اس سے دوچار
شش و پنج کچھ دلمین اصلا نہ لا / تجھے اسکو رستا فنا کا دکھا
رکھیشر عبادت سے خالی ہوا / یہ حال دعا اسپہ حالی ہوا
پسر پر نہایت ہوا خشمگین / بنی موج شمشیر چین جبین
کہا اپنے فرزند کو سخت و سست / کہ یہ بات سرزد ہوئی نادرست
رکھیشر جو تھا صاف روشن ضمیر / وہ سمجھا بلا ہے دعا کا یہ تیر
وہ راجہ ہلاک ہوگا اسکا ضرور / پڑا زندگانی مین اسکے فتور
پریکھیت کو آگاہ اسنے کیا / کہ فرزند نے داغ دل کو دیا
پھرے اسکا تیر دعا ہے محال / تجھے زندہ چھوڑے قضا ہے محال
جو راجہ کو یہ حال روشن ہوا / دل اس غم کدہ اغون سے گلشن ہوا
یقین تھا نچھوڑیگا تیر دعا / نشانے پہ آئیگا بیخطا
کیا جلد تیار دریا مین گھر / نہ ہو جسمین تچھک کا ہرگز گذر
جو وہ ایک ہفتے کی میعاد تھی / قضا کی بدل ہر گھڑی یاد تھی
جو دریا مین گھر بن چکا وہ تمام / کیا اسمین راجہ نے جا [illegible]

لیا زہر آلودہ دندان سے کام
کیا دم زدن مین وہ قصہ تمام
مکین نے کیا ترک دنیا مکان
روانہ ہوئی خانہ قالب سے جان

جو کھینچا اسکا تھا نور نگاہ
ملا تخت شاہی بنا بادشاہ

چمن چہارم دربیان قصہ کدرو و ونتا مادران رتق سپران خود

سنا عابد نے جو یہ حال زار
ہوا مثل سیماب دل بیقرار
کہا سوت سے کیجیے یہ بیان
گیا کاٹ کر پھر وہ تچھک کہان

کہا ایک عابد تھا عالی مقام
عیان جرت کار اسکا تھا نام
جو تیرہ اس عابد کی تھین لڑکیان
ہر اک وکش بدر تھی بیگمان

وہ کشپ جی فرزند برہما سے تھا
ہر اک ماہ طلعت کا شوہر بنا
غرض ان سے وہ دو کو کرتا تھا پیار
ہزارون کنیزین تھین خدمتگزار

جو کدرو و ونتا تھا دونون کا نام
کیا انسے کشپ نے اکدن کلام
دلون کو تھا ان سے جو مرغوب ہو
جو دنیا کا اسباب مطلوب ہو

وہ مجھسے کرو تم خوشی سے طلب
تمنا جو دلکا ہین شوق سے تمکو سب
کہا اسنے کدرو نے اے شہریار
پسر تیسے مین چاہتی ہون ہزار

وہ ونتا جو تھی دوسری گلعذار
کہا اسنے اے شوہر نامدار
مجھے دو پسر جائین خوش جمال
پسر ہو زور مین قوت کمال

جو شوہر نے دونون کا مطلب سنا
اٹھایا وہان ہاتھ بہر دعا
نشانی نے پائی جو پہونچا شتاب
اسی دم ہوئی وہ دعا مستجاب

ہوئی آئینہ شان پروردگار
دیے ایک عورت کو افعی ہزار
ہوئے دوسری ان سے بیضے نمود
شمار انکا دونے نہ تھا کچھ فزود

قلم اب لکھے حال انکا بیان
کیے کام قدرت نے کیسے عیان
نہ ونتا کو تھی طاقت انتظار
کیا ایک بیضے کو اسنے فگار

ہوا اس سے اک نصف انسان پدید
ضیا مین رخ غیرت ماہ عید
نہایت حسین اور تھا سرخ رنگ
ہوئی دیکھکر شکل ونتا کی دنگ

کروں وصف کیا نیم قد کا بیان
روانہ ہوا وہ سوے آسمان
ہوا خوش جو اس سے دل آفتاب
ارن نام رکھا دیا یہ خطاب

ارابے کے آگے بٹھایا اسے
سکانے کا رستا بنایا اسے
مگر اسنے دی اپنی مان کو دعا
جو بے وقت بیضہ شکستہ کیا

دعاے زبون ہو پذیرا قریب
کنیزی ہو کدرو کی ان کو نصیب
غرض ایک جا دونون تھین جلوہ گر
کہ اسپ اوچی سرو آیا نظر

کہا ایک سے ایک نے یہ سخن
کہ گھوڑے کا کیسا ہے رنگ بدن
ملا جسکا ہو راستی سے کلام
وہ بیشک ہو مختار وہ نیکنام

سخن جسکا دونون مین تھا کچھ دروغ
وہ پائے کنیزی مین بیشک فروغ
وہ ونتا ہوئی اس طرح تر زبان
کہ ہے رنگ اسپ سپید عیان

سفیدی مین شک اسکی اصلا نہین
چھپا خاک مین جھوٹ یا ان کہین
کدورت سے کدرو کا دل تھا سیاہ
چلی صاف ہا راستی کی وہ راہ

کہا اسنے ونتا سے یون بیدرنگ
نمایان ہو کچھ کچھ سیاہی کا رنگ
وہ گھوڑا سفیدی مین تھا بے نظیر
سراپا صفائی مین ماہ منیر

رقم اب کرتا ہون سانپونکا حال
کہ کدرو کے جو لڑکے تھے نونہال
کیا مان کا آدھون نے کہنا قبول
ہوا دل کا اسطرح مطلب حصول

وہ سم وبال ہین جاکے چسپان ہوئے
سیاہی کے دھبے نمایان ہوئے
رہی کچھ بھی باقی نہ اصلا تمیز
بنی آہ کدرو کی ونتا کنیز

قلم لکھے اب نصف سانپون کا حال
کہ تھا انکو کدرو کے دلمین ملال
نہ کی حکم مادر پہ جس دم نگاہ
دعاے زبون سی یہ بری اشتبا

کہ ہے سوز آتش مین جلنا ہین یہ
نہ کہنے کو مانا سزا پائین یہ
جو ونتا کے بیضے رہے دوسرا
برابر ہوا وعدہ ایام کا

گرڑ نکلا اُس سے پیدا ہوا
اسی فکر میں تھا کہ کیا کیجیے
تجسس تھا لی اُسنے راہ سفر
پہونچا وہ بلاح آئے قطب
پہونچا پر و بال سے کوہسار
گرڑ کا پدر کشپ نامدار
گرڑ آیا جسدم قریب پدر
پسر نے کہا باپ سے اپنا حال
سنایا وہ سب مانکا بھی حال زار
رہائی کی سانپون سے ہے گفتگو
مقیم اسمین ہے سنگ پشت کلان
بدن عرض میں اُسکا چالیس کوس
وہان دشمن جان انسان ہے فیل
ہما نخل سر پست ہے پای بوس
اگر ہاتھ آئے تجھے وہ غذا
یہ تھا منتظر دونون آئے نظر
اُٹھا لیکے دونون کو شکل صبا
ہوا طول اور عرض کا یہ شمار
فقط شصت لاکھ اُسپہ ناقص تھے
لقب بالکھل اُنکا مشہور تھا
زمین پہ پنجون گر کے عابد ہلاک
دبی رہگئی اُسکی منقار زمین
بیابان و کہسار چھانے تمام

وہ سردار مرغان سو پیدا ہوا
کنیزی سے مان کو رہا کیجیے
کہ ہے چشمۂ آب حیوان کدھر
وہ طعمہ بنے اسکے سب یکدگر
زمین پہ نہ پاتے تھے دم بھر قرار
نظر آیا ناگہ لب جوئبار
جھکایا بصد عجز قدمون پہ سر
ستاتی ہے اب بھوک مجھکو کمال
ملا خاک میں تب وہ افتخار
تجھے آب حیوان کی ہے جستجو
کرون عرض طول اسکا تجھسے بیان
کہ ہے فیل اور سیہ پای بوس
زمین پر روان صورت رود نیل
بڑا ہے اس سے چالیس اور آٹھ کوس
شکم سیر ہو دور ہو یہ بلا
نہ اس حال سے تھے وہ اصلا خبر
سر راہ ناگاہ دریا ملا
کہ تھا چارسو کوس کا سایہ دار
کہ دنیا کے قصون سے ناراض تھے
ریاضت کا شہرہ بڑی دور تھا
طبیعت اسی غم سے اندوہناک
ملا اوج قوت کو ادبار مین
نہ پایا کہین اسطرح کا مقام

یہ فرزند تھا اپنی مان پہ فدا
نکالی فلک نے رہائی کی راہ
ہوئی مشتعل آتش اشتہا
مگر سب بہت کو نہ کھاتا تھا وہ
بنے طعمہ صیاد و ملاح و چور
وہ دریا کہ طوفان ہے جس روان
ہوا دیکھکر خوش وہ فرزند کو
غذا مجھکو ملتی نہیں اسقدر
بہت کی کنیزی میں ہے مبتلا
پدر نے کہا وہ جو تالاب ہے
وہ وسعت مین ہے چار جوجن بلند
قریب اس جگہ سے بیابان ہے
بلندی مین چھبیس کوس اسکا طول
ہر انسان کی رنج مین جان ہے
گرڑ یہ سخن سنکے آیا وہان
گرڑ نے کیا انکو پنجون مین قید
درخت ایک آیا وہان پر نظر
گرڑ نے کیا شاخ پہ جو قرار
ہر اک وہمین لٹکا تھا الٹا وہان
گرڑ نے جو دیکھا نہ آیا قرار
زمین پہ گرے آکے کیا اسکا دخل
گرڑ جو اڑا لیکے شاخ شجر
کہ رکھدار کر دیا پھر وہ شاخ شجر

کہ دل غم و رنج مین مبتلا
ہوئی آب حیوان کی سانپونکو چاہ
جماعت کو چورون کی طعمہ کیا
پر رنگ ہوا صاف جاتا تھا وہ
عدم کو روانہ تھے لاکھون کروڑ
ہر اک سمت تھا جمع عابدان
بغل مین لیا دل کے پیوند کو
شکم سیر ہوا ایکدن آ پدر
مصیبت کی نازل ہوئی پھر بلا
کنارہ عدم تھا وہ نایاب ہے
وہان راہ مرغ نظر کی ہے بند
عجیب وحشت انگیز سنسان ہے
ستم سے ہر انسان انکو ملول
قضا ہے بلا ہے وہ شیطان ہے
دیا تھا پدر نے جہان کا نشان
بنے صاف بازاجل کے وہ صید
پھلا پھولا سرسبز تھا بار در
شکستہ ہوئی ناگہان ایک بار
زمین پر جو سرپا سے آسمان
کہ تجھسے خطا یہ ہوئی آشکار
وہ ہے صورت پاک وہ شاخ نخل
نہ اصلا ہوئی عابدون کو خبر
نہ پہونچے ذرا عابدون کو ضرر

سر راہ غافل اسے دیکھ کر
ہوئی آتش کینہ پھر شعلہ ور

شکستہ ہوا اندر سے ایک پر
گرڑ نے کہا ہنسکے کیا ہے خبر

مگر اس خطا پر نہیں ہے نظر
کہا راجہ اندر نے لے نامور

گرڑ شکل بلبل بنا گلستان
زبان سے میں کیا اپنا ہون مدح خوان

اٹھا لون تجھے بھی میں ان سب کے سات
عدو بھی بڑھائے گر اسوقت تم

یہ سنتے ہی اندر ہراسان ہوا
بڑھا خوف دل میں پریشان ہوا

ہوا صورت آشتی کا ظہور
دلون سے کدورت ہوئی صاف دور

گرڑ نے کیا حال اپنا بیان
نہ دونگا میں اک قطرہ ای مہربان

مگر اس گھڑی تمکو ہے اختیار
مزاحم نہیں ہونگا کچھ زینہار

سوا اسکے اندر نے یہ بھی کہا
کہ سانپون کو بھی تو کریگا غذا

دیا لاکے سانپون کو آب حیات
کنیزی سے بنتا نے پائی نجات

دکھایا دعا نے جو اپنا اثر
تو سانپون کو آتش سے پہونچا ضرر

سنا عابدون نے جو یہ حال زار
کہا سب نے ای سوت عالی وقار

لیا بحر سے انگو اندر نے کام
یہ چاہا کرے اسکا قصہ تمام

جو تیغ دعا سے ابھی کام لون
سزا تیرے کردار کی تجکو دون

بیان مجھسے ہو زور و قوت کا حال
کہ کس حد کمال ہے اسمین کمال

بیابان زمین کوہ دریا تمام
کرین ایک بازو پہ میرے مقام

نہ اٹھین لڑائی سے ہرگز قدم
دکھاؤن ہزارون کو راہ عدم

ہوئی صلح القصہ دونون ملے
کیے دور جنگ و جدل کے گلے

جو اندر نے دیکھا کہ ہے صلح اب
گرڑ سے کیا آب حیوان طلب

جو سانپون کو دونگا یہ آب حیات
ملیگی کنیزی سے مان کو نجات

کہا راجہ اندر نے کہنا قبول
گرڑ کا ہوا مطلب دل حصول

نہ اصلا کبھی ہوگا ستم کارگر
ہوئے پھر وداع الغرض یکدگر

مگر اس سے محروم افعی رہے
کہ اندر وہ پانی اٹھا لیگئے

کرورون جلے جل کے خاک سیاہ
بنا استیک انکا پشت پناہ

سبب جسکا باعث ہے سانپون کی جان
ہویا چاہیے انکا ہملو نشان

چمن پنجم بیان پیدایش استیک کے جان بخشی ماران ازو بظہور آمد

کہ تھا ایک اہ چرنکار نام
کہ کرتا تھا دنیا و دین سے وہ کام

شب و روز سیر بیابان پسند
غم و رنج کا کچھ نہ دل میں گزند

لٹکتے تھے اسمین بحال تباہ
کوئی مخلصی کی نہ تھی انکی راہ

انھون نے کہا سب گنہگار ہین
ہر اک ہم بنگ چرنکار ہین

چرنکار دل مین ہوا شرمگین
کہا اب کرونگا زن مہ جبین

دیا قیدیون نے پھر اسکا جواب
دعا تیری خالق کرے مستجاب

اب و نیز سب دمبدم تھا کلام
چرنکاری ہو جسکی دختر کا نام

چرنکار کا سنکے طرفہ سخن
ہر اک سمت ہنستے تھے سب مرد و زن

چرنکاری تھا اسکی دختر کا نام
خجالت دہ حسن ماہ تمام

غرض آستیک اسکے پیدا ہوا
وہ کارہ نمایان ہو پیدا ہوا

کہ ناگہ ہوا ایک جا پر گذر
کنوئین میں کئی شخص آئے نظر

کہے انسے عابد نے بڑھکر کلام
کہ تم کون ہو کیا تمھارا ہے کام

نہیں ہے جو فرزند کی انکو چاہ
ثابت ہوا ہم پہ ناحق گناہ

مگر شرط یہ ہے کہ ہم نام ہو
پر یہ سخن جو گل اندام ہو

یہ سنکر چرنکار نے راہ لی
بدل تھی تلاش ایک گل اندام کی

دے وہ جسکو ہین آس سے شادی کرلیا
جو لطف سے جام عشرت بھر دن

خدا سارے سانپون کا اک بادشاہ
کہ باسک تھا نام اسکا با اشتباہ

چھٹے رنج و غم سب کسی کے دور
بعقد چرنکار آئی وہ حور

پر جیست کا فرزند جنمیجہ نام
مہیا نشاط و خوشی صبح و شام

بنا باپ کے خون کا خواستگار
پسر جنت باسک کا انجام کار
کیے سوت سے عابدون نے کلام
دکھن مین جین عابد تھا اک دھوم نام
وہ بید نکو کار گوشہ نشین
سنو حال جنمیجہ نامدار
اتنگ اُنکا شاگرد تھا نوجوان
جو گھر مین تھا شاگرد عالی وقار
جو استاد نے یہ سنا حال زار
کہا اُسنے اے پیر روشن ضمیر
جہان مین ملے خلعت آبرو
وہ کہتی تھی شاگرد سے کچھ ملال

ہوا جنمیجے پر ستمد ایک بار
امان کا ہوا شاہ سے خواستگار
وہان کس سے بھی جگ کا تھا اہتمام
مرید اُسکے تھے تین عالی مقام
معزز تھے اُسکے بھی شاگرد تین
بہت اُسکو محکوم تھے شہریار
اُسے گھر مین چھوڑ آئے تھے ناگہان
ہوئی اُس سے صحبت کی خواستگار
ہوا شاد شاگرد سے بیشمار
یہ خواہش ہو لاؤن بجا حکم پیر
خدا کے بھی ہون سامنے شرمندہ
نکالا زبان سے یہ حرف سوال

ہوئی ہوم کی آگ شعلہ فشان
جو باقی تھے اُنکی بحال تباہ
سنا سوت نے عابدون کا سخن
اُرن بید اور مشہور تھے
اتنگ ایک اُنمین سرافراز تھا
وہ لائے تھے بید اُنکو نام کو
زن پیر کا اب سنو مجھ سے حال
وہ شاگرد اُس سے ہے تھا برہا
کہا مانگ مجھسے جو ہو دل مین چاہ
کوئی حکم محکم مجھے دیجیے
کیے اُس سے اُستاد نے یہ کلام
سمت نام راجہ جو مشہور ہے

بنو خاک جل جلکے اُنکی زبان
ملی آتش شعلہ زن سے پناہ
ہوا رنگ غنچہ شگفتہ دہن
عبادت سے دل اُنکے مسرور تھے
عبادت پہ اپنی بڑا ناز تھا
بتاتا تھا یہ جگ کے کام کو
ہوئی حیض سے پاک خوش جمال
یہ گھر کی گنہ کی نہ سر پہ دھری
زر و زیور و گوہر و مال دیا
جو دشوار ہو کام وہ کیجیے
کرو وہ کہ جو زن نیک نام
جہان اُسکی بخشش سے مشہور ہے

ابھی کھینچے اندر کو لاتا ہون مین
اس آتش مین بیشک جلاتا ہون مین

وہ اندر جو آتش کے آیا قریب
یہ سمجھا نہین کوئی اس جا حبیب

لٹے برہمن پہ تھی استان
کہ اندر کا آ پہونچا تخت وان

لپیٹے تھا چادر مین اپنی وہ سانپ
بدن خوف آتش سے تھا کانپ

آراستہ ہونا جگ کا اور روشن ہونا ایک مقام پر آتش شعلہ زن کا اور پہونچنا راجہ اندر کا ہوا پر سنگاسن سمیت

دل و جان سے تھی جو عزیز اپنی جان
مٹا صاف الفت کا دلسے نشان

جو اندر نے جلنے سو پائی امان
روانہ ہوا جلد سوی مکان

برہمن جو آیا تھا بہر سوال
کہا اس سے راجہ اے خوش خصال

کہا اسنے اے راجہ نامدار
نہین مال و دولت کا مین خواستگار

برہمن پہ احسان اب کیجیے
جو باقی ہین انکو امان دیجیے

دیا پھینک آتش مین غمخوار کو
لیا گھیر شعلے نے اس مار کو

جو حاصل پر کھیت کا مطلب ہوا
فراموش اندر وہ غم و سب ہوا

تمنا ہو جو کچھ بیان کیجیے
مہیا ہی ہر شے بیان کیجیے

فقط اسسے ہی پرس تھی یہ سوال
کہ سانپون کو ایسا جان ہی کمال

کیا گوش راجہ نے جو یہ سخن
بہر حال کی خاطر برہمن

جو باقی تھی جلنے سو اغنی وہان
ملی انکو آتش سے اسدم امان

چمن ہشتم در بیان نسبت کوروان از برہما

ہوا آج سانپون کا قصہ تمام
مہابھارت کو اب تین خاص و عام

کہ برہما سے دنیا کی ہی ابتدا
وہ باعث ہی پیدایش خلق کا

زبان ہے بیعنون کے یہ بھی کلام
ہزار و کیم سے ہی یہ نیکنام

ہوا دچھ پرجاپت اُنسے نمود
روان اسکا عالم مین تھا بحر جود

نمایان ہوا سورج اس ماہ سے
ہم آغوش تھا سمت دجا سے

یہ قصہ زمانے مین مشہور ہے
یہ احوال اس طرح مذکور ہے

یہان ہی پر بیعنون کا ایسا بیان
یہ برہما بلاشبہ ہر سا توان

بہر حال برہما سے ہی ابتدا
کہ پہلے وہ ہر شے سی پیدا ہوا

عدم سے ہوئی پھر اوت آشکار
بنا کشپ اس ماہ کا خواستگار

پس سو نام اس سے پیدا ہوا
کہ خورشید صورت ہر شیدا ہوا

پڑا نام اس سے ہوئی ماہرو
خدا نے بڑھی تھی اسے آبرو

ہوا اس سے پھر اک پور اپسر
قیامت کے اقلیم میں نامور

ہوا اس سے ابتر نام پھر نورعین
کہ دنیا کا حاصل تھا سب اسکو چین

مہابل اسکے فرزند کا نام تھا
تھیا سنیاسیا اب رام تھا

جہاں آئے سے جسوقت پیدا ہوا
تو وہ دیوجانی پہ شیدا ہوا

یہ دن فقر سنکر تھی خوش حال
اسے راہ کال کا حاصل کمال

سنی عابد و زاہد نے جو یہ داستان
کہا سوت سے کیجیے اب بیان

جو تھا چھتری قوم راجہ جہات
بھرا تھا علم الٰہی کرم کے صفات

بتا شوہر جسمہ برہمن
بیاں ہو کیسی شہر کا ہے چلن

دلوں کو ہی سکے یہ حیرت کمال
مفصل بیان کیجیے اسکا حال

چمن نہم در بیان حال دیوجانی دختر سنکر کہ پرست دیوان بود

کہا سوت نے یہ منسوو استان
کتابوں نہیں لکھا ہے اسکا بیان

پروہت سے دیووں کا ایک سنکر نام
اسے یاد تھے علم دنیا تمام

اک افسون تازہ اسے یاد تھا
کہ مردوں کا بھی جس سے دل شاد تھا

نہ تھا فرق اسکی کرامات مین
جلاتا تھا مردے کو اک بات مین

تو بےدل تھے وہ دیو اسبات سے
بہت تھے دنیا کی آفات سے

اگر دیوتا دن کو تھا پیچ و تاب
تو ہوتے تھے اکثر کبھی فتحیاب

غرض کچھ برسپت کا فرزند تھا
پھرے لیکن اس سے سب دیوتا

غرض ایک کیا چاہیے سنکر سے
وہ افسون لیا چاہیے سنکر سے

یہ لڑکا نہایت ہی چالاک تھا
جوانمرد تھا اور بیباک تھا

تجسس افسون کا تھا ہر نفس
رہا سنکر کے پاس سو برس

بتا اسکا شاگرد سو جان سے
سمجھتا تھا بہتر وہ ایمان سے

وہاں دیوجانی تھی صاحب جمال
محبت وہ کرتی تھی اس سے کمال

یہ دیو دن کچھ اکے درا آیا خیال
کہ اس گل کو ہو گئی الفت کمال

سوا اسکے وہ سنکر بھی ہو فدا
کہ رہتا نہیں اس سے دم بھر جدا

سنو یہ افسون بتا دین اسے
کہیں اپنا ثانی بنا لیں اسے

یا اندیشہ دل پر جو نازل ہوا
پریشان سب طرح سے دل ہوا

کیا قتل صحرا میں جا کر اسے
وہ چھوڑ آئے قیمہ بنا کر اسے

جو کچھ سوچتی اس گل کو الفت کمال
رہا لیکن ہر دن پھر اسکا خیال

تصور سے تھیں اسکی آنکھیں دو چار
کیا آنے کا شام تک انتظار

نہ آیا جو کچ دل میں حیران ہوئی
وہ گیسو کی صورت پریشان ہوئی

کیا باپ سے اسنے پھر سوال
ہے دل کو پیدا ہوتا ملال

جو کچھ آئے تو زندگی ہے مری
بہر حال وہ دل لگی ہے مری

یہ سنکر پدر نے جو افسون پڑھا
اسی دم وہ بیجان زندہ ہوا

جو اس امر سے دیو آگہ ہوئے
کہ جاتا نے زندہ کیا ہو اسے

کیا قتل پھر اسکو لیجا کے دور
مرے نا کسی طرح یہ ہو فتور

عدو جانتے تھے سنکر سے
کیا راکھ آخر جلا کر اسے

یہ سمجھا کیا خانہ سنکر پاک
ملا دی مگر لعل گون میں وہ خاک

پلائی غرض سنکر کو وہ شراب
تھی دیوجانی کو فرقت کی تاب

کیا باپ سے پھر دوبارہ سوال
خبر کچھ نہیں کیا ہوا اسکا حال

بلا میں پھنسا ہے جو آیا نہیں
اسے کھا گیا آسمان یا زمین

نئے جسطرح زندہ پیدا کرو
نہاں چشم سے ہر ہویدا کرو

پڑھا سنکر نے پھر وہ افسون فن
ہوا منکشف راز پنہاں یوں عیاں

نہیں کہے شکم سے یہ آئی صدا
کہ یہ حال دیوون نے میرا کیا

تن و جان پگھلا تھا جو حال زار
کیا سنکر سے کچھ نہ سب آشکار

وہ استاد تھا سخت حیران ہوا
وہ افسون سے بڑھکر پریشان ہوا

کیے سکر سے گج نے اسدم کلام
ابھی چاک کرکے تمھارا شکم

یہاں فکر کا کچھ نہیں ہے کلام
نکل آؤں زندہ یہ ہو دور غم

وہ افسون جو اسدم بتا دو مجھے
جو تاثیر افسون دکھائے مجھے

پھر حال زندہ ابھی ہو سکے
کرے پھر وہ افسون زندہ مجھے

باہر آنا شکم سکر سے گج کا

ہوا اسکو مجبور سب بے اختیار
سکھایا وہ افسون اسے ایکبار

لیا پھر نہ لب سے کبھی مے کا نام
اسی دن سے ہو برہمن پر حرام

اسی وجہ سے طبع ناشاد ہے
شب و زمان باپ کی یاد ہے

سنا دیوجانی نے جو یہ سخن
کہا کہ اگر تو نے راہ وطن

ذرا مجکو تا اب جدائی نہیں
اگر تو نہیں تو خدائی نہیں

تصدق ہیں تجھپر ابھی جان و دل
محبت سے تیری بنے آتش گل

نہ مانا جواب اسکو کچ نے دیا
بہر حال انکار کلی کیا

جو کچ سے نہ حاصل ہوا مدعا
یہی دیوجانی نے مانگی دعا

کہا کچ نے پھر یون سنا اسکی پاے
کہ تو عقد میں چھتری کے درآئے

جو آیا وہ گھر میں ہراک خوش ہوا
جدائی کا غم سب فراموش کیا

کہا تھا جو شاگرد نے وہ کیا
بہر حال افسون بحکمت لیا

کہا سکر سے کچ نے یہ اک روز
غم ہجر دلمیں ہے آتش فروز

عنایت نوازش کرم کیجیے
اجازت مجھے گھر کی اب دیجیے

محبت سے تیری ہو سینہ فگار
جدائی سے ہوگا یہ دل بیقرار

چھپے ہیں جو دلمیں الفت کے خار
نہ لے نام رخصت کا تو زینہار

جو ہو عقد باہم تو کیا خوب ہے
مجھے جان سے وصل مرغوب ہے

نظر مہر و الفت پہ اصلا نہ کی
وطن کی قدم چوم کر راہ لی

وہ افسون نہ کام آئے انجام کار
فراموش ہو یاد سے ایکبار

وداع الغرض وہ یگانہ ہوا
وطن کی طرف کو روانہ ہوا

ہوا راجہ اندر کا دل اس سے شاد
کہ کچ نے کیا سکر سے سحر یاد

عیان جب یہ راز نہفتہ ہوا
ہراک دیوتا دل شگفتہ ہوا

چھٹی قسم در بیان بہ رسیدن استبا تزویج دیوجانی با راجہ ججات چھتری

زبان قلم ہو جو اب دم رواں
کروں اب دراحوال تازہ بیان

نظر آسپہ تھی مہربانی کے ساتھ
کہ رہتی تھی وہ دیوجانی کے ساتھ

وہ مہ شک خورشید برج حمل
نہاکے جو دریا سے آئی نکل

کہا دیوجانی نے اے بدخصال
دیا تو نے اسوقت مجکو ملال

دیا دیوجانی کو اسنے جواب
نہ اسطرح سے کھائیے پیچ و تاب

دل و جان سے رہتا ہے خدمتگزار
کرے دبدو کہا ہے تیرا وقار

نہایت وہ شرمشٹہ مغرور تھی
وہاں سب میں ذات مشہور تھی

کہاں تک کہوں تھی وہ بدخصال
کنوین میں دیا دیوجانی کو ڈال

خدا ساز تھا جس جگہ وہ کنواں
سمجھاکے یہ سمجھا وہان کہان

سر بیاہ تھا آپکا خواستگار
کہ آنکھیں ہوئی دیوجانی سے چار

ہوا آنکھوں کو جلوہ نظر آگیا
دل زار سیماب غم چھپا گیا

کہا آپ سے اے غیرت مہر و ماہ
کنوین میں گری کیوں ہو حال تباہ

جو دیوزنگی راجہ تھا ذی احتشام
کہ دختر کا اسکی تھا شرمشٹہ نام

نہ دل پر الم تھا نہ اندوہ و غم
سہاتی تھیں پایں وہ دونوں بہم

نہ آیا ذرا دیوجانی کا پاس
کیا زیب جسم اسکا لباس

رہا دور اسباب کا دل سے پاس
کہ پہنا برہمن کا تو نے لباس

پدر تیرا جو سکر ہے نیک نام
مرے باپ کے پاس ہر صبح و شام

بہت دیوجانی ہوئی خشمناک
ہوا سینہ بھی خنجر غم سے چاک

اسی راہ میں تھا جو اک آب چاہ
کنوین شب کے ظلمات سے تھا سیاہ

ملامت کی بیشک نشانہ ہوئی
طرف اپنے گھر کے روانہ ہوئی

جو آیا کیا اس کنوین پر مقام
تجسس میں پانی کے وہ تشنہ کام

نظر آیا جو چاہ بخشش کا چاند
ضیا وہ رخ شمس بھی جس سے ماند

اسی دم کنوین سے نکالا اسے
بہت ناتوان تھی سنبھالا اسے

یہ کہ کس چمن کی ہے تو نونہال
ہوئی در فشاں سنکر وہ خوش جمال

تصویر ایک صحرا کی اور پہونچنا راجہ حیات کا ایک کنوئین پر اور نکالنا کنوئین سے دیوجانی کو اور تیر جگردوز عشق کا کھانا سینہ پر

کہین گلشن شکر کی ہون بہار	وہ بلبل کی صورت سے جی پر نثار	یہ سنکر وہ راجہ تو راہی ہوا	پر اس گل پہ فضل الٰہی ہوا
پریشان گریان وہان سے چلی	بنی نہر اشکون سے ہر اک گلی	اسی دیوجانی کی تھی اک کنیز	نہایت وہ رکھتی تھی عقل و تمیز

منعقد ہونا دیوجانی کا راجہ ججات کے ساتھ

جو لکھا تھا تقدیر میں وہ کیا / دہن دیوجانی کو اسکو دیا
پہ پیرد کے ہمراہ تھی وہ کنیز / دل شاہ دیوان کو جو تھی عزیز
محبت کی آتش تھی دلمیں تیز / رہے دلکو لونڈی سے کیون گریز
وہ راجہ جو داخل ہوا اپنے گھر / فدا دیوجانی پہ آٹھون پہر
کہانتک قلم لکھے یہ طول حال / ہوئے دیوجانی سے دو نونہال
اسے راجہ اک دن تنہا ملا / کیا الفت آمیز اُس سے گلا
تمھین میری صحبت سے ہر دم گریز / یہان آتش شوق الفت ہے تیز
بہت دلکو صحبت سے پرہیز تھا / مگر شعلۂ شوق کچھ تیز تھا
کہین رنج دل کا تمے دور ہو / طلب کروہ مجھسے جو منظور ہو
کیا جبکہ راجہ نے کہنا قبول / ہوئے تین فرزند اسکو حصول
طبیعت کو یہ امر تھا ناگوار / کیا نشتر غم نے سینہ کو پار
گئی باپ کے پاس اندوہگین / سنایا سراسر وہ حال حزین
خدا سے میں کہتا ہون بیدم طلب / جوانی سے بدل ہو پیری ہے اب
بڑھاپا کری انمین سے جو قبول / تو راجہ کو پھر ہو جوانی حصول

ہوئی جبکہ اُس عقد غنچہ دہان / پھر الفت کیا اسکو یہ سرو روان
مگر بیٹی نے وقت رخصت کہا / کہ ہے پاس ہر وقت اسبات کا
الٰہی نہ صحبت سے ہونا کبھی / نہ تم ساتھ لونڈی کے سونا کبھی
نہوتی تھی وہ گل کوئی دم جدا / یہ اسپر فدا تھی وہ اسپر فدا
یہانتک میں لکھتا ہون حال کنیز / بہت خوبصورت تھی وہ باتمیز
کہ مرتی ہون میں تجھپہ سو جان سے / سمجھتی ہون تمکو کچھ ایمان سے
مگر یاد راجہ کو تھا وہ کلام / کیا شکر نے اسکو مجھپر حرام
یہ سنکر کہا شرمشٹا نے خوش جمال / نہیں میں نے ٹالا کسی کا سوال
کہا اسنے بس ہے یہی دلکو چاہ / کہ پیدا ہون تجھسے مرے رشک ماہ
سنی دیوجانی نے جب یہ خبر / کہ راجہ سے اسکے ہوئے ہیں پسر
نہ آئی دل غم رسیدہ کو تاب / ہوا جل کے ہر آگ میں دل کباب
کہا شکر نے ماہ رخسار سے / وہ راجہ پھر اپنے اقرار سے
مگر یہ بھی ہو ساتھ اسکے کلام / جو راجہ کے فرزند ہیں نیکنام
دعا کا جو پہونچا نشانے پہ تیر / وہ راجہ جوان تھا بنا صاف پیر

تماشے جوانی کے جاتے رہے / تمنے زندگانی کے جاتے رہے

چمن یازدہم در بیان دادن راجہ ججات سلطنت خود بپور پسر خود

کرے پھر جوان پیر کو اب تسلیم
دل زار راجہ سے ہو دور غم
طبیعت مین راجہ کے تھا وہ ملال
کہ زلفون کی صورت پریشان تھا حال

کیا نونہالون کو اک دن طلب
دعا سے زبون کا کہا حال سب
کہا پھر کرے جو یہ پیری قبول
ابھی تخت شاہی ہو اسکو حصول

جو اک نے تینکے ہوا کچھ ملال
رہی شکل غنچہ زبان منھ مین لال
مگر ایک فرزند تھا پور نام
کہ چھوٹا تھا سب سے یہ ماہ تمام

یہ فرزند لونڈی کا تھا نور عین
نہ کیون اسکو حاصل ہو دنیا کے چین
گیا دور دل سے پدر کے وہ رنج
بنا جانشین اور ملا ملک و گنج

جوانی کی مدت تھی الف سال
ہوا غنچۂ دل پدر کا نہال
عبادت پہ ہونے کے تھی نظر
کیا ترک دنیا کا سب مال و زر

ہوا گھر سے صحرا کی جانب روان
فقط اسکے ہمراہ تھی انیان
عبادت سے ہر دم سروکار تھا
اسی نشے سے مین سرشار تھا

ہوئی عمر جب طرح تو پائی وفات
گیا بزم اندر مین راجہ جیات
اس اندر نے راجہ کی تعظیم کی
جگہ بیٹھنے کو قریب اپنے دی

زبان مبارک سے پوچھی بات
کہو مجھسے یہ بات راجہ جیات
کہ بہتر کوئی تمسے امکان مین ہے
تراشش کہو وہ بیابان مین ہے

کہا اسنے اندر سے عالیجناب
نہین کوئی مخلوق میرا جواب
جہان مین کوئی میرا ثانی نہین
سخن راست ہے لن ترانی نہین

سنا جبکہ اندر نے اسکا کلام
کہا فقط اے راجہ نیکنام
بھری ہو تکبر کی سر مین شراب
ہوا آج باطل ترا سب ثواب

کرو صفت اپنا جو منھ سے بیان
جگہ اسکو ملتی نہین ہے یہان
عبث بیٹھے ہین آپ اٹھ جائیے
زمین کو سر افراز فرمائیے

ہوا دلمین راجہ کے تازہ الم
جما پھر نہ اک لحظہ اس جا قدم
ہوا راجہ اندر سے یون تر زبان
یہ امید ہے تمسے اے مہربان

دکھائے تمہاری دعا کچھ اثر
مرا نخل امید لائے ثمر
کہ جسوقت ہو عمر کی صبح و شام
ملے مجھکو رہنے کو پھر یہ مقام

پھر آشیان کا ہو مجھکو نصیب
یہ صورت مقدر دکھائے قریب
جو اندر نے دیکھا اسے بیقرار
عنایت سے گویا ہوا ایکبار

کھلے گا ترا غنچۂ آرزو
جگہ باغ رضوان مین پائیگا تو
دل زار سے خار غم دور کر
اس امید سے دلکو مسرور کر

جو راجہ ہوا اس جگہ سے روان
خدا کی عنایت سے پہونچا وہان
جہان پر نواسے تھے راجہ کے چار
سخاوت شجاعت مین سب نامدار

بدل جگ کرنے مین مشغول تھے
جو سامان تھے سب بمقبول تھے
نواسون نے راجہ کو دیکھا وہان
سنی حال ماضی کی سب داستان

رہین دیر تک گفتگو مین بہم
کرون اصل مطلب کو اس جا رقم
قولے جو اس جگ کو کر چکے
ثواب ان کے دامن مین سب بھر چکے

تو باقی کچھ انکے بھی اپنا ثواب
ہوا راجہ پھر فیض سے کامیاب
ارادے غرض پانچ آئے روان
ہوئے سوے جنت جو پانچون روان

بہشت برین مین ملا پھر مقام
رہا کچھ بھی باقی نہ دنیا سے کام
اب آگے ہے اسباب کا یون بیان
ہوئے نسل سے پور کے کو روان

ہوا دیو جانی کا جو تھا پسر
ہوئے جاودان اس سے سب نامور
زبان اسکی تھی کوسلیا جسکا نام
خجل روبرو اسکے ماہ تمام

ہوا اسکے فرزند جنمیجہ نام
کیے تین اسمید جسنے تمام
جو رانی تھی اسکی تو نسل اسکا پو
سخاوت مین مشہور تھا دو دو

پسر اسکا ست نام عالم پناہ
نہ بیر قدم تھی سخاوت کی راہ
ہوا انتخاب اسکا پھر جانشین
ملا باپ کا تخت تاج و نگین

ہوا سارت بہوم اس سے ناگہ بہود
پہر اک ست سنگ اچ تہا بہر جود
ہوا اس سے پیدا جوت سین نام
حکومت تھی روئے زمین پر تمام

چہی نام اسکا ہوا جانشین
ہو دس حکومت سے تہا بہترین
پہر اس سے ہوا کرتجان جسکا نام
تھیا نشاط و طرب صبح و شام

پسر اسکے ہر نام پیدا ہوا
تو آج نام اس سے ہو پیدا ہوا
ہوا اجست تپہک سے جو ہکنار
ہرش نام پیدا ہوئی گلعذار

بنا بادشہ جو بجا سے پدر
ہوا سوتی افروز وہ تخت پر
انک نام تھا اسکے فرزند کا
بجا سے پہ پادشا جو ہوا

کئی اس سے فرزند پیدا ہوئے
سر و مہر و ناہید شیدا ہوئے
گیرا تھا جو ست سنفو اسکا نام
کہ قبضے میں ملک پدر تھا تمام

جہانمیں وہ دکھنت مشہور تھا
شراب حکومت سے مسرور تھا
جو تھا بیٹا اسکا اک رکھیشر نام
عبادت میں مصروف ہر صبح و شام

وہ رکھتا تھا اک دختر گلعذار
شکنتلا نام تھا آشکار
جو دکھنت کے عقد میں آئی ماہ
ہوا راجہ بھرت اسکا نور نگاہ

کیا سونے جس طرح سے بیان
مفصل قلم لکھے وہ داستان

چہپن وان از دہم در ترویج شکنتلا با راجہ دکھنت و تولد بہرت زاد

جو رکھتا تھا دکھنت شوق شکار
ہوا اسپ چالاک پہ وہ سوار
رکھیشر تھا معترض اک گال نام
مکان شک خلد برین تھا تمام

بہت عابدوں کا وہان تھا ہجوم
بیابان ہر طرف تھی ریاضت کی دہوم
چلا صحرہ راجہ بشوق شکار
خدا ساز پہونچا وہان ایکبار

پہونچنا راجہ دکھنت کا کٹی پر گال نام رکھیشر کے صحرا مین بشوق شکار اور عاشق ہونا ایک لڑکی پر اوسکا

مگر گال اس دم سندھی مین نہ تہا
ملی آکے راجہ سے اک مہ لقا
تواضع کو پیش آئی جو بر محل
لیے نذر کچھ جنگلی پہول پہل

کہا شہ نے اے غیرت سرو باغ
بتا کس شبستان کی تو ہے چراغ
کیے شمع رو نے یہ روشن کلام
مین ہون گال کی دختر نیکنام

کیا اس سے راجہ نے پہر یہ سوال
رکھیشر کا روشن ہے سب تجہپہ حال
نہ کی آجتک مین نے اپنے نگاہ
ہوئی کس طرح حق تو شکیدا ہ

تہمین ہیچ تیرا سراپا دروغ
بہلا جہوٹ کب ہے حاصل فروغ
دیا شمع رو نے پہر اسکا جواب
کہون اپنا قصہ نکر اضطراب

نہ تہی حال سے اپنے مجکو خبر
کہ ماں کون ہے کون میرا پدر
مین ساعت سے محض تہی بیخبر
سمجہتی تہی سن گال کو مین پدر

کہ وارد ہوا اک کھیشر وہان — کیا اُسنے یہ قصہ عجب سے بیان
ریاضت مین حاصل کیا وہ کمال — کہ شہوت کا اک نسانے مین جال
تیا لمین اک ہول پیدا ہوا — یہ سمجھا کوئی حشر برپا ہوا
دل اس رنج وغم سے ہوا جب طپان — ہوا عشق پہ ٹکڑے وہ خستہ جان
وہان ایک تھی مینکا اپسرا — سراپا مین تھا حسن اُسکے بھرا
یہ ناز و کرشمہ دکھائے اُسے — بہ دل عاشق اپنا بنانے اسے
قریب کھیشر جو آئی پری — قضا دونون آنکھون پہ جادو گری
چلی اسطرح دلربائی کی چال — پڑا اُسکی گردن پہ الفت کا جال
ہوا سینہ جب تیر مژگان سے چھید — پڑا اُس عبادت مین طرفہ فتور
چڑھا نشہ جبدم پیا جام عشق — کہ ہر دم تھا ورد زبان نام عشق
وہ دونون جو کھل کھیلے انجام کار — دکھائے یہ صحبت نے لیل و نہار
وہان قلزم مالنی تھا روان — مجھے چھوڑ آئے وہ دونون وہان
ہوا انکا اُس جگہ سے گذر — پڑی اسکی ناگاہ مجھپر نظر
اُٹھا لائے مجکو بشوق تمام — کیا پھر شکنتلا میرا نام
کھلی خوب کیفیت احوال کی — یہ سمجھا کہ لڑکی نہین گال کی
فقط وصل کی لو لگا اب چاہ ہے — گھڑی بھر کی مجکو اک ماہ ہے
وہ آئے تو یہ بات کیا دور ہے — مجھے بھی یہی بات منظور ہے
دوہین عقد مین اپنے لایا اُسے — وہین جام عشرت پلایا اُسے
یہ پیمان ہے تجھسے اے گلعذار — پسر ہوگا جو وقت پروردگار
عنایت کرونگا اسے تخت و تاج — ادا کی کہ ہے شہنشہی کا یہ راج
سنایا اسے عابدون نے یہ حال — بہت خوش ہوا اپنے دل مین وہ گال
جو گذرا اس احوال کو تین سال — ہوا اُس گل سے پیدا اک نونہال
اجمبارہ برس کا ہوا وہ پسر — فدا چودھوین شب کا اُسپر قمر

کہ تھا اسنو نتر ایک عابد کا نام — عبادت تھی مد نظر صبح و شام
جو اندر نے شور عبادت سنا — سراسر وہ حال ریاضت سنا
عبادت ہوئی جو قبول خدا — تو چھن جائیگا یہ مرا مرتبا
یہ تدبیر اندر کو آئی پسند — کہ اس مفسدی کی کرون راہ بند
روانہ کیا اُسکو عابد کے پاس — گئے درد و دل کا رنج و ہراس
جو بحر تعشق مین عابد ہو غرق — تو آیا نیا بار ریاضت مین فرق
سجھایا انہیا انکے دام فریب — دکھائے ادا کے فراز و نشیب
پھنسا آ کہ زلف مسلسل مین دل — وہ گیسو کہ گلدام جس سے خجل
دل و جان سے وہ بہایت مفتون ہوا — نہ پھر کارگر کوئی افسون ہوا
دم اُسکی محبت کا بھرنے لگا — کنارہ عبادت سے کرنے لگا
مین اسطرح عابد سے پیدا ہوئی — نشان تھی عدم مین جو پیدا ہوئی
پرندون چرندون نے کی پرورش — بحکم خدا مجکو دی پرورش
مجھے بیکس و زار پایا وہان — بہت حال پہ رحم کھایا وہان
سنایا جو راجہ کو دختر نے حال — طبیعت شگفتہ ہوئی دل نہال
ہوا عقد کا اُس سے وہ خواستگار — طبیعت کو میری نہین ہے قرار
ہوئی درفشان اُس وش گلعذار — مناسب تو ہے گال کا انتظار
نہایت طبیعت مین تھا اضطراب — کرے انتظار اسقدر کسکو تاب
جو فارغ ہوا اُسکی صحبت سے وہ — زبان پر یہ لایا محبت سے وہ
ولیعہد اپنا کرونگا ضرور — پڑیگا نہ اسبات مین کچھ فتور
وہ راجہ یہ کہکر ہوا جب روان — تو کچھ دیر مین گال آیا وہان
خدا سے اُسی وقت مانگی دعا — کہ فرزند اس گل کا ہو بادشا
وہان عابدون مین وہ پلنے لگا — جو کچھ روز گذرے تو چلنے لگا
کیا اُس کھیشر نے اک دن کلام — کہ تھے جمع شاگرد اُسکے تمام

کہا اُنسے لیجاؤ دونوں کو تم
نگین جہان سے نہو نام گم

پہونچ جائیں جسوقت راجہ کے پاس
تو کہنا کہ خاطر کرے بیتیاں سن

وہ شاگرد دونوں کے ہمراہ تھے
جو نزدیک کھنت کے لے گئے

تو راجہ نے دیکھے وہ سرو روان
کیا صاف ہمراہیوں سے بیان

میں ان رتوں سے ہوں نا آشنا
یہ دشمن ہیں یا دوست یا آشنا

نہ فرزند ہے وہ نہ یہ میری زن
میں کیا جانوں اسکا کہاں ہے وطن

جو اس ماہرو نے سنے یہ کلام
تو بولی کہ اے راجہ نیکنام

ذرا ہوش میں اپنے تو آئیے
زبان پر نہ ایسے سخن لائیے

میں زوجہ ہوں تیری اے شوہر نامدار
تجھی سے ہے یہ گوہر شاہوار

مجھے عقد میں اپنے لایا نہیں
مجھے زوجہ اپنی بنایا نہیں

زبان پر نہ لا حرف انکار کا
پڑھایا سبق کسنے تکرار کا

یہ چاہا کہ دیں کچھ دعائے زبون
مگر عقل کامل تھی جو رہنمون

لیا دلکو پہلے میں اس گل نے تھام
کہ آخر ہوا اس شخص سے جلد کام

جو راجہ نے دیکھی بات اسکی تیز
کیا اور بھی حد سے افزون گریز

سخن جو میان میں نکالا تھا
اس انکار سے باز آیا نہ وہ

کہ ناگاہ آئی فلک سے صدا
مگر اپنی قربت سے انکو جدا

سنا گوہر گوش جب یہ سخن
ہوا گوہر افشاں وہ شاہ زمن

بلا شک ہے تو زوجہ ای خوشخصال
نہیں سمجھیں ہرگز ذرا قیل و قال

یہ فرزند میرا ہے تو میری زن
فقط اسلیے تھے یہ باہم سخن

شہادت ہے اسبات کی غیب سے
نہ پکڑے گریبان کچھ عیب سے

محل میں دیا اپنے اون کو مقام
ہوا اسکے فرزند کا بھرت نام

ہوا اس سے ہستن پھر اس سے کرن
ہوا ارکوال اس سے پھر پلتین

پرچھت ہوا اس سے پھر بادشاہ
ہوا بھیم سین اس سے عالم پناہ

ہوا اس سے پرتیپ نور نگاہ
ملا اُسے حشمت و ملک و جاہ

وہاں راجہ ست کی تھی اک گلعذار
وہ اپنی نبی اور ہوئی ہمکنار

پسر تین اُس سے جو پیدا ہوئے
قمر مشتری شمس شیدا ہوئے

پسر دوسرا کا جو سنتن تھا نام
ملا مرتبہ اور عالی مقام

ملی کشوروں کی حکومت اسے
خدا نے دیا دست قدرت اسے

کہ جس سر پہ ہاتھ کو دھر دیا
جوان اسکو اعجاز نے کر دیا

ہوئے برطرف اسکے اندوہ و غم
لکھے حال و داستان اب قلم

چمن سیزدہم در بیان آمدن گنگا بصورت زن پیش راجہ پرتیپ و درخواست زوجیت

سخن سنج ہیں جو شیریں زبان
بہت دلچسپ ہے داستان

پدر راجہ سنتن کا پرتاپ تھا
عبادت کو گنگا پہ جا کر رہا

کہ اک روز گنگا سے اک گلعذار
کنارے پر آئی ہوئی آشکار

ہوا اس سے راجہ ہرگز خبر
پر آ بیٹھی وہ زانوے راست پر

ہوئی دُرفشاں یوں کہ گنگا ہوں میں
ترے حسن پر میں شیدا ہوں میں

دیا اسکو راجہ نے پھر یہ جواب
کہ ای رشک حور غیرت ماہتاب

جو بیٹھی ہے تو زانوے راست پر
کرونگا میں تیری جانب نظر

مرا ایک فرزند ہے نوجوان
وہ شوہر بنے گا ترا بیگمان

تجھے عقد میں اسکے لاؤنگا میں
تجھے اسکی زوجہ بناؤنگا میں

سنا اُسنے جسدم یہ رنگین سخن
ہوئی دُرفشاں یوں وہ غنچہ دہن

میں زوجہ ہوں اسکی یہ منظور ہے
دل اسبات سے میرا مسرور ہے

پسر ہی ترا ایک وتار ہے
عیاں رخ سے دولت کا آثار ہے

کسی وقت میں تھا بڑا بادشاہ
فزون حد سے شوکت خزانہ سپاہ

جہانمیں نہ رکھتا تھا اپنا جواب
ستارہ نمیں جسطرح ہے ماہتاب

عروس جدائی سے بیوہ کا نام — کہی گلشن وصل کی وہ بہار
جو پیدا ہوا آٹھواں یہ پسر — ہر اقلیم میں [illegible]

ہر اک علم و فن میں بیگانہ جواب — سپہر شجاعت کا ہے آفتاب
یہ ہے زور و قوت میں بھی بے مثال — ہر اک فن کا حاصل ہے اسکو کمال

سنو اسکا بسکیم تپا مہ ہے نام — بہت بادشاہ ہونگے اسکے غلام
چھٹے ہے برس میں یا ساتوں گھر — تو نعم البدل آ نکا سے یہ پسر

نسب باپ تو نکے ہیں اسمین حسن — شبستان ہر علم میں ہے یہ شمع
جدائی سے وقت میں ہے بینظیر — ستارو نمین جس طرح ماہ منیر

بیان کنزارانی کا مخاطب کرنا راجہ سے کہ اس لڑکے کا بسکیم تپا مہ نام ہے

یہ کہکر سخن جب ادا ہوئی — کہانی ہوئی وہ فسانہ ہوئی

چمن بار بزم بیان طعمو جو چمن گنبد تھا آن اچھوپری نیرنگ و بیداز وجہ راستن شد

کہوں اس جگہ اک نئی داستان — جسے سنکے ہوں شاد اہل جہان
اپر چرخ تھا اک شاہ عالی نسب — حضور نظر دست بستہ ادب

گیا سوئے صحرا وہ بہر شکار — کر آیا خیال زن گلعذار
تصور نے پیدا کیا رنگ اور — ہوا خواہش وصل کا ڈھنگ اور

طبیعت مگر سے بھری جوش پر — گرے سے قطرہ چند رشک گہر
لیا جلد برگ شجر پہ دہلان — کہ دولت نہ ہو مفت میں رائگان

وہ پتا دیا شاہ نے باز کو — کہا راستے میں یہ ضائع نہ ہو
یہ سوغات پہونچا کے رانی کے پاس — بلا آگئی دلاوری پاس سے آس

اڑا باز لیکر جو برگ شجر — حفاظت بہر حال مدنظر
ملا راہ میں ناگہان اور باز — شکار افگنی میں ہے اپنی نام

جو وہ تھا بالسان کو سمجھا طعام — پڑا حرص کا اسکی آنکھوں پہ دام
بلا کی طرح سے ہوا دو و چار — کیا صاف برگ شجر کو شکار

پدر کی اطاعت تھی مدِ نظر
گیا پاس ملاح کے جلد تر

نکالا وہ کانٹا دل زار سے
کیا پاک دامن کو اس خار سے

یہی عہد پیمان کیا صاف صاف
نہوگا سرِ مو کبھی بر خلاف

مجھے تخت شاہی کی پروا نہیں
مجھے سلطنت کی تمنا نہیں

نہیں چاہیے مجکو تخت اور تاج
نواسوں کو تیرے مبارک ہو راج

رضاے پدر کی مجھے چاہ ہے
یہی سلطنت ہے یہی جاہ ہے

سنے جبکہ ملاح سب نے یہ کلام
کہا اے نکوکار فرخندہ نام

مجھے قول پیمان کا ہے اعتبار
صداقت ہے قدموں پہ تیرے نثار

یہ مانا کہ تمکو نہیں اسکی چاہ
نہ فرماؤ گے سلطنت پر نگاہ

مگر آپ کے طفل فرخندہ بخت
کرینگے نواسونکو دعواے تخت

یہ محروم شاہی سے رہجائینگے
زمین تجھ پھر بھی یہ پائینگے

کہا سنکے ہے راست اسکا کلام
مناسب ہے انجام کا اہتمام

وہ کچھ دیر سر در گریبان رہا
تفکر کا بھی دل یہ سامان رہا

ہوا بیخ سے قطع نخل فساد
اسی اقرار سے پھر کیا دلکو شاد

مجھے عہد پیمان کا ہے دل سے پاس
نہیں جاؤنگا اپنی شادی کے پاس

نہ دیکھونگا میں روے زن عمر بھر
کہاں سے نمودار ہونگے پسر

تو اسے ہی ہونگے ترے کامیاب
یہ سنکر نہ آیا پھر اوسکو جواب

بر آئی جو ملاح کی آرزو
تو سنتن کے پاس آئی وہ ماہرو

جدائی کا غم سب بجا دل سے دور
دکھایا ہو وصل نے بھی سرور

مرے دلکو حاصل ہے جو وصل سے
جدائی ہوئی کلفت فصل سے

سہے دو مہینے سو فرقت کے خار
ہوئے دفع اکبار دل کے بخار

بہت طول لازم نہیں گفتگو
ہوئی ناگہاں حاملہ ماہرو

وہ فرزند دو اس سے پیدا ہوئے
کہ شمس و قمر جیسے پیدا ہوئے

ہوا نام چترانگد ایک کا
دل و جان سے زہرہ تھی اسپر فدا

سنو نام ثانی سر دار چند
جو تھا بیج آخر تو اول بچتر

چمن ہفتم در بیان تولد دھرتراشٹ راجہ پانڈو و بدر از بیاس و نشانیدن بھیکم پتامہ چترانگد را بتخت سلطنت

جو منتن نے کہا یا خدنگ اجل
بہر حال اُس قتل ل پرچھیان تھا
ہوا بعد منتن کے یہ بادشاہ
اسی جہ سے تھی بہم شکل جنگ
رقم ہو اگر وصف سامان جنگ
بچترا اس طرح کار عیش نواز
شبستان میں تھا نہ کوئی چراغ
گلشن میں تھا اُن گلوں سے ثمر
یہ شاہ بنارس کی تھیں لڑکیاں
خزاں ہو گئی تو نہالوں کا باغ
ان آنکھوں کا میری تو ہی نور ہے
وہ بھیکم جو پورا تھا اقرار کا
جو چھچھودری نے یہ پایا جواب
ہوئی نونہالوں کی وہ خواستگار
ہوا دھرتراشٹ انکا سے نمود
مگر دونوں آنکھوں سے معذور تھا
مگر سر سے پا تک سراپا وہ زرد
جو ایوان شاہی میں آئے بیاس
کیا ایک نے ڈر سے آنکھوں کو بند
ہوئے رانیوں کے یہ دونوں پسر
ہوئے اسطرح تین لخت جگر
جو اُن دونوں نور دیدہ ہوئے
جو اُس ملک کے [illegible]

گئی جسم سے جان شیر تن نکل
نہ کچھ راج کا دل میں ارمان تھا
چلا پہلے ہی سے لڑائی کی راہ
کیا قافیہ شاہ کا اُسنے تنگ
قلم کاٹنے صاف میدان جنگ
کہ اک آشیان میں کنجشک باز
وہ فرزند سے لیگیا دل میں داغ
جو بستان شاہی میں تھا جلوہ گر
کروں حال چھچھودری کا بیان
نہ کیوں سینہ دلمیں اُسکا داغ
دل غمزدہ تجھسے مسرور ہے
زبان سے کہا حرف انکار کا
ہوا دل کو پیدا نیا اضطراب
کہ آئے گلستان میں پھر نو بہار
کہ تھا مخزن عدل اُسکا وجود
پھر اک مردم دیدہ بے نور تھا
سخاوت میں یکتا شجاعت میں فرد
گئے خوف سے رانیوں کے حواس
ہوئی زرد ثانی جو تھی فہم مند
گیتہ ایک تھی اور رشک قمر
فدا اُنپہ خورشید زہرہ قمر
تو رشک گل نو رسیدہ ہوئے
جو بھیکم تپاسے کے پھر اُترے تھے

یہ تھا اولین بھیکم کے اندوہ و غم
ہوئی سنتے شب کہتا وہ کیا
وہاں ایک گندھرپ چترکا نام تھا
وہ ہمنام دونوں لڑے تین سال
نشہ اب اجل نوش کی شاہ نے
کہانتک ان اوصاف انکے رقم
محل میں بہن اسکی دو رانیان
غرض ایک کا امبکا نام تھا
یہ بولا کہ اے بھیکم نیک نام
کوئی وارث تخت شاہی نہیں
پہونچتا ہے اب تجکو یہ تخت و تاج
کہانتک لکھوں مختصر میں یہ طول
بلایا بیاس نکوکار کو
انھوں نے جو مانگی خدا سے دعا
فرزند حق سے تھا شور جاہ و حشم
ہوا پانڈ انبالکا سے پدید
سبب دونونکا کیونکا لکھے قلم
کہ وارد ہوئے تھے بشکل مہیب
پسر زرد اُسکا ہویدا ہوا
پسر اس سے پیدا ہوا تیسرا
سخاوت شجاعت سب اُنپر نثار
ہوئے اسطرح علم سے بہرہ مند
ہوئے متفق وہ سب اس بات پہ

ہوا اک قلم نخل شاہی قلم
کہیں تاج چترانگد کو دیا
کہ اسکا بھی چترانگد نام تھا
ہوئی فوج دونوں طرف پائمال
دیا تخت چھوٹے کو اللہ نے
روانہ ہوا وہ بھی سوے عدم
قلم اب کہے حال انکا بیان
جو ثانی رہی تھی وہ انبالکا
ہوئی صبح عشرت کی اکبار شام
تمہے قول یہ پھر ہزار آفرین
مبارک کرے حق تعالیٰ یہ راج
نہ کی سلطنت اُسنے ہرگز قبول
کرے دور یا دل کے آزار کو
تو حاصل ہوا اس طرح مدعا
کہ تھا جنمیجے جسکی صفت میں قلم
فدا اسپہ ماہ شب و خورشید
کتابوں میں مضمون یہ ہے رقم
نہ کیوں خوف ہوتا انکو نصیب
فدا اُسکا پسر کور دیدہ ہوا
رقم ہے وہ اوتار تھا دھرم کا
مروت فتوت سب اُنپر نثار
نہ تھا کوئی بھی اُن سا شکل میں [illegible]
کوئی تخت شاہی پہ ہو جلوہ گر

بدن مین چھپی اسقدر نوک خار / ورآئی سر انگشت مانند خار
دونمین ہوئی سب کو حیرت کمال / عجائب نظر آیا انکو یہ حال

کہ یہ پہنچا دلون زاہدون کا ہجوم / کہا اِس جگہ پر ہے یہ کیا ہجوم
جو احوال انپر ہوا آشکار / کہا کیا ہے راجہ پہ شامت سوار

رکھیشر ہے یہ چوہر ہرگز نہین / نشان سب کے خوب خاطر نشین
جو راجہ کے کانون مین پہنچی خبر / تو نادم ہوا اپنی تقصیر پر

کہا جلد اتارو ابھی دار سے / چھٹا صید شاہین خونخوار سے
دھرم راج عابد کو اک دن ملا / کیا آپنے اسطرح اس سے گلا

جو کھینچا سر دار سے بے قصور / ہوا کس سبب سے بلا کا ظہور
کہا اُسنے اے عابد نیکنام / لڑکپن مین تونے کیا تھا یہ کام

ملخ کو گرفتار تونے کیا / سر خار سے دم کو صدمہ دیا
دھرم سے کہا ہے یہ میری دعا / جو آپنی خطا پر ملی یہ سزا

ہو اپنے شوہری مین جیسے قصور / شکم سے ہو لونڈی کے تیرا ظہور
دعا کا اثر یہ ہویدا ہوا / پدر بن کے لونڈی سے پیدا ہوا

چمن ہشتم در بیان پرسیدن اولاد راجہ پانڈ از دیوتا

[illegible] ہر گل کے نجم / نوا سنج ہے عندلیب قلم

دل شاد ہین بھی پسر کی جو چاہ / کہا جبکو اے گنتی رشک ماہ
شب و روز دلمین یہی فکر ہے / کتابون مین اسباب کا ذکر ہے

تپائے جگر خلد مین وہ غریب / جو ہو نقد اولاد سے بے نصیب
دل غمزدہ میرا خرسند ہو / بنے جسطرح تیرے فرزند ہو

سخن سنکے گویا ہوئی رشک ماہ / نہوگا کرون غیر سے جو نگاہ
لڑکپن کا در باسہ استاد سے / اک افسون بتایا ہے سو یاد ہے

دکھائے وہ افسون گر اپنا اثر / تو پیدا ہو روحانیون سے پسر
حصول اسکا کچھ فعل بد سے نہین / توجہ سے باطن کی کر یہ یقین

سنے شاہ نے جب یہ شیرین کلام / دل غم رسیدہ ہوا شاد کام
نہادھو کے اک روز وہ گلعذار / پہنکر نیا جامۂ زرنگار

فرشتہ بھی روکش ماہتاب / کہ تھا روبرو رخ کے زرد آفتاب
تھا راجہ بھی تجہر کے در پہ مقیم / کرے فضل اپنا خدائے کریم

شنو خار کا فضل اُس گل کے پاس / کہ گل جا سکے آنکھ لے بلبل کے پاس
کہون کیا خدا کی بڑی شان ہے / یہان عقل اول بھی حیران ہے

وہان باطہارت جو افسون پڑھا / اُسے یاد تھا جو وہ مضمون پڑھا
نمایان ہوے دھرم گنتی کے پاس / بر آئی بفضل خدا دل کی آس

یہ گذرے وہ دن حمل ہو چکے / درخت تمنا نے پھل دیے
کہ پیدا ہوا کودک گلعذار / بہار گل چہر رخ پر نثار

وہ رخسار پر نور تھے آفتاب / تجلی دہ چہرۂ ماہتاب
وہ فرزند جس وقت پیدا ہوا / سخن غیب سے یہ ہویدا ہوا

کہ یہ کودک رشک سرو چمن / بفضل خدا ہوگا شاہ زمن
نکوکار ہوگا یہ فرخندہ فال / جوان بخت اہل ہنر خوش خصال

بہت خوش ہوے دلمین وہ بادشاہ / بلا روکش بدر تھی جسکی چاہ
وہ اسم جدہشتر سے مشہور تھا / دل پاک عشرت سے معمور تھا

جو اس ماجرے کو ہوے چند سال / کیا شہ نے گنتی سے پھر یہ سوال
طبیعت مری تونے خرسند کی / تمنا ہے اب اور فرزند کی

یہ سنکر جو گنتی کا پھر دل بڑھا / بدستور سابق وہ افسون پڑھا
تو اندر سے ارجن ہویدا ہوا / غرض باد سے بھیم پیدا ہوا

سنو بھیم کی در قوت کا حال / کہ ادنی ہے یہ قدرت ذوالجلال
گرا گود سے ماں کی جو سنگ پر / دو پارہ ہوا وہ وہین سربسر

ہوا اسکو اسباب سے آشکار
یہ فرزند ہے آفت روزگار

نکل و سہدیو پیدا ہوئے
یہ گل مادری سے ہویدا ہوئے

مگر تیسری بار اسنی کمار
اس افسوس کے باعث ہوئے آشکار

جو اسطرح پیدا ہوئے پانچ تن
بہت خوش ہوا دل مین شاہ زمن

پیدا ہونا راجہ جدھشٹر وغیرہ پانچ بھائیون کا رانی کنتی سے

بہت پاس سے دور رنج و الم
فراموش بالکل ہوئی یاد غم

بیان بست و یکم دربیان وفات راجہ پانڈو و رسیدن جدھشٹر وغیرہ

یہ گویا ہے اسدم زبان قلم
نکلے دل سے راجہ کے جب حرف غم

وہ بندہ تھا تجنا نہ دیر کا
کشادہ تھا دروازہ ہر خیر کا

جو کوہ ہمانچل مین پہنچا وہ شاہ
پسند آئی دل کو وہ آرامگاہ

عبادت مین کچھ دن ہوے جب بسر
تو کی پانڈو نے مادری پر نظر

جو لبریز تھا شہ کا جام حیات
بحکم خدا اسنے پائی وفات

یہ وہ درد ہے جسکا چارہ نہین
یہان آدمی کا اجارہ نہین

ہمانچل پہ کنتی کو سونپا انہین
ملی سایۂ لطف مین جا انھین

چلی مادری لاش شوہر کے ساتھ
اٹھایا سر زندگانی سے ہاتھ

ہوا چوب صندل سے تیار تخت
کہ پھولون سے تھا رشک گلزار تخت

طرف ہستناپور کے لیچلے
غم تازہ اس کوہ کو دے چلے

ہوا آئینہ دل کا جسوقت صاف
پسند آگیا تیرتھون کا طواف

عبادت پہ اسکی نظر صبح و شام
اسی بات کا ہر گھڑی اہتمام

عبادت کے لایق جو پایا مقام
کیا شاہ نے اس جگہ پر قیام

